Question Paper Serial No. 302

**C**

**CCE PF**
**CCE PR**
**NSR & NSPR**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 47 ]
Total No. of Questions : 47 ]
**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U**
**Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು
# Subject : Third Language — URDU

**(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ & ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. & ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**
**(Private Fresh & Private Repeater / NSR & NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 08. 04. 2022] [ Date : 08. 04. 2022
ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ 01-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 01-30 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER
اس سوالنامے کو کھولنے کے لئے یہاں سے کاٹیں
یہاں سے کاٹیں
Tear here

**عام ہدایات :**

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 47 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو سر بمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

**I.** درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے :

**10 x 1 = 10**

1. اللہ تعالیٰ کی تعریف وتوصیف میں لکھی گئی نظم کہلاتی ہے۔

(A) حمد (B) نعت

(C) غزل (D) مرثیہ

2. ''سوال کرنے والا'' کے معنی دینے والا لفظ یہ ہے۔

(A) ساحل (B) سائل

(C) شامل (D) عاقل

3. وہ کلمہ جو خود اپنے معنی دیتا ہو، کہلاتا ہے۔

(A) مستقل کلمہ (B) غیر مستقل کلمہ

(C) حروف (D) لاجواب کلمہ

4. والدین اور رشتہ داروں کو لکھے جانے والے خط کہلاتے ہیں۔

(A) دفتری خط (B) سرکاری خط

(C) تجارتی خط (D) نجی خط

5. اِن میں سے حروفِ عطف کی مثال ہے۔

(A) بھی (B) اور

(C) ہی (D) تو

6. ''دل بجھ جانا'' محاورے کا مطلب یہ ہے۔

(A) مایوس ہونا (B) بہت غصہ ہونا

(C) بہت خوش ہونا (D) مسرور ہونا

7. درجِ ذیل میں غیر مستقل کلمہ کی ایک قسم یہ ہے۔

(A) اسم (B) ضمیر

(C) حروفِ ربط (D) صفت

8. چار مصرعوں والی نظم کو کہتے ہیں۔

(A) منقبت (B) قصیدہ

(C) مرثیہ (D) رباعی

9. معنوی اعتبار سے غیر متعلق لفظ علیحدہ کیجئے۔

(A) ملول (B) رنجیدہ

(C) غنی (D) غمگین

10. ''الجبرا مسلمانوں ہی کی ایجاد ہے۔''

اس جملے میں حروفِ تخصیص کی نشاندہی کیجئے۔

(A) الجبرا (B) ایجاد

(C) مسلمانوں (D) ہی

**II.** پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : **5 x 1 = 5**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 11. مشکل | : | آسان | : : | فائدہ | : | ......... |
| 12. دُور | : | فاصلہ | : : | دَور | : | ......... |
| 13. ایجاد | : | ایجادات | : : | تعمیر | : | ......... |
| 14. خزانہ | : | مذکر | : : | روشنی | : | ......... |
| 15. پرستار | : | چاہنے والا | : : | معالج | : | ......... |

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے : **5 x 1 = 5**

16. والد کے انتقال کے وقت محمد علی جوہؔر کی عمر کیا تھی ؟

17. کرشناراج ساگر بندھ کا سنگِ بنیاد کس نے رکھا ؟

18. شفیع الامم سے مراد کون ہیں ؟

19. وہ کیا وجہ ہے جس سے اکبؔر الہ آبادی خود اپنے نہ ہو سکے ؟

20. معمارِ میسور کے نام سے کون مشہور ہے ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **10 x 2 = 20**

21. اکیلوں اور بے آسوں کے لئے اللہ کی ذات کیا اہمیت رکھتی ہے ؟

22. پہلے دو کلرک کن کاموں پر فائز تھے ؟

23. حضرت عائشہؓ کی کنیت اور لقب کیا تھے ؟

24. محمد علی جوہؔر کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

25. ملا نصیر الدین کو گھر میں نہ پا کر عالم دوست نے کیا کِیا ؟

26. جاپان جانے کے لئے مصنف نے پان امریکن طیارہ کا انتخاب کیوں کیا ؟

27. حضرت عائشہؓ کا حجرہ کیسا تھا ؟

28. مولانا محمد علی جوہؔر کے اُردو اور انگریزی اخبارات کے نام لکھئے۔

29. وہ کونسی باتیں ہیں جو ہمیں بدنام کرتی ہیں ؟

30. غزل کے پہلے اور آخری شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

**V.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : **11 x 3 = 33**

بحوالۂ متن درجِ ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے :

31. ''تو پھر آج رات کا کھانا آپ کے یہاں ہی رہے گا۔''

32. ''جاپانیوں کی ہر چیز چھوٹی ہوتی ہے سوائے کردار کے۔''

33. ''کتنا لمبا چوڑا ہوگا ؟''

34. درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :

(i) وہاب عندلیب (ii) کرشن چندر

35. درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:

(i) سید احمد شاکرؔ (ii) مرزا غالبؔ

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

36. یاروں کی محبت کا یقین کرلیا میں نے

پھولوں میں چھپایا ہوا خنجر نہیں دیکھا

37. ہماری طرف اب وہ کم دیکھتے ہیں

وہ نظریں نہیں جن کو ہم دیکھتے ہیں

38. رہا تُو تو اکثر الم ناک میرؔ

ترا طور کچھ خوش نہ آیا ہمیں

درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیجئے:

39. گول میز کانفرنس میں مولانا محمد علی جوہرؔ نے کیا تقریر فرمائی ؟

40. عطاؔ کلیانوی خاموش رہنے کی تاکید کیوں کر رہے ہیں ؟

41. درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اردو میں ترجمہ کیجئے :

Akbar is my friend. He is very clever. He goes to school regularly.

**VI.** درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : **3 x 4 = 12**

42. آپ کی نصابی کتاب میں شامل 'حمد' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

43. علمِ طبعیات، فنِ طب اور علمِ ریاضی پر بوعلی سینا کے کیا کیا احسانات رہے ؟

یا

اُم المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔

44. مصنف نے ٹوکیو شہر کو کس طرح بیان کیا ہے ؟

**VII.** درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : **5 x 1 = 5**

45. کھجور انسانوں کے لئے قدرت کا ایک انمول تحفہ ہے۔ کھجور کو عربی میں تمر کہتے ہیں۔ اس کی پیداوار اور استعمال کی تاریخ ہزاروں سال پرانی ہے۔ کھجور ایک لذیذ اور صحت بخش غذا ہے جس کا استعمال دنیا کے ہر ملک میں کیا جاتا ہے۔ خاص طور پر رمضان المبارک کے مہینے میں مسلمان کھجور کا استعمال بہت زیادہ کرتے ہیں۔ افطار کے وقت شاید ہی کوئی ایسا دسترخوان ہوگا جس میں کھجور موجود نہ ہوں۔ تاجروں کے لئے بھی یہ ایک منافع بخش پھل

ہے۔اس پھل کی کئی قسمیں ہیں۔ جیسے عجوہ، برنی،سفوی،شلابی،شقری،ربعیہ،مکتومی وغیرہ۔ان سب میں عجوہ اور برنی کو عمدہ کھجور مانا جاتا ہے جو بہت لذیذ اور شیریں ہوتے ہیں۔

**سوالات :**

(i) کھجور کو عربی میں کیا کہتے ہیں ؟

(ii) کھجور کی پیداوار اور استعمال کی تاریخ کتنی پرانی ہے ؟

(iii) کس مہینے میں کھجور کا استعمال زیادہ ہوتا ہے ؟

(iv) کھجور کی چند قسمیں لکھیئے۔

(v) کھجور کس کے لئے منافع بخش پھل ہے ؟

**VIII. درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر 15 تا 20 جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے :** **1 x 5 = 5**

46. کووڈ– 19 کے سماج پر اثرات

یا

میرا پسندیدہ کھیل

**IX.** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

47. اپنے والد محترم کے نام ایک خط لکھئے جس میں امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔

یا

اپنے میر معلم کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں کوئی وجہ بتلا کر دو دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔